**Inam / Fazil**

**29-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نیتکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مصنوعی آبادیاتی تبدیلیوں سے متعلق مرکز کی اعلیٰ سطحی کمیٹی اِس معاملے سے نمٹنے کیلئے قانونی ضرورت کا بھی جائزہ لے گی۔

2- قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائی پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس لعنت سے نمٹنے کے سلسلے میں دوہرا معیار نہیں ہوسکتا۔

3- BJP نے پنجاب، ہریانہ، دلّی اور تریپورہ کیلئے پارٹی کے صدر مقرر کئے ہیں۔

4- مغربی ایشیا میں جاری جغرافیائی و سیاسی غیر یقینی صورتحال کے درمیان ایئر انڈیا نے جولائی کے آخر تک اسرائیل کیلئے اپنی پروازیں معطل رکھنے میں توسیع کی ہے۔

5- اور IPL کرکٹ میں، آج شام نیو چنڈی گڑھ میں Qualifier 2 کے اہم میچ میں راجستھان رائلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**Rev Amit Shah Committee**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکز کی اعلیٰ سطحی کمیٹی غیرقانونی طور پر ملک میں داخل ہونے اور دیگر غیرفطری وجوہات کے سبب مصنوعی آبادیاتی تبدیلیوں کے سلسلے میں اِس بات کا بھی جائزہ لے گی کہ کیا اِس معاملے سے نمٹنے کیلئے قانون کی ضرورت ہے یا نہیں۔ جناب شاہ نے کہا کہ یہ کمیٹی ملک بھر میں ہورہی مصنوعی آبادیاتی تبدیلیوں کی وجوہات کا بھی جائزہ لے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ ضروری اصلاحی اقدامات پر تبادلۂ خیال کرے گی اور اِس بات کا پتہ لگائے گی کہ کیا کسی مخصوص قانون کی عمل داری لازمی ہے۔

**SB - 0800 - Amit Shah on Demographic**

وزیرِ داخلہ کل گاندھی نگر میں 340 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے اور سنگِ بنیاد رکھنے کے بعد ایک تقریب سے خطاب کررہے تھے۔

جناب شاہ نے مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس حکومت کی بنگلہ دیش سے دراندازی کیلئے نکتہ چینی کی اور دعویٰ کیا کہ ریاست میں اسمبلی انتخابات کے بعد صورتحال تبدیل ہوئی ہے۔

**SB - 0800 Amit Shah - Bangladeshi**

**Amit Shah Bhuj Visit**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ آج گجرات کے اپنے دورے کے دوسرے دن کچھ میں بین الاقوامی سرحد سے متصل انتہائی اہمیت کے حامل اور حساس حرامی نالہ اور دیگر چھوٹے نالوں کے علاقوں کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ سرحدی حفاظتی فورس کی جانب سے کئے گئے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیں گے اور سینئر عہدیداران کے ساتھ سرحد پر سکیورٹی چیلنجوں کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کریں گے۔ وزیرِ داخلہ Border Outpost G-7 کا افتتاح کریں گے اور BSF اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وہ OP Tower - 1170 پر کنٹرول روم بھی جائیں گے اور حرامی نالہ خطے کا کشتی میں جائزہ لیں گے۔ بعد میں دن میں جناب شاہ بھُج میں BSF سیکٹر ہیڈکوارٹرس میں سرحد سے متعلق معاملات پر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

جناب شاہ کا چھ ماہ کے اندر یہ کچھ کا دوسرا دورہ ہے۔ انہوں نے گذشتہ برس نومبر میں BSF کے قومی یومِ تاسیس کی تقریبات میں شرکت کیلئے بھُج کا دورہ کیا تھا۔ x

**Doval Russia**

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائی پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ اِس سے نمٹنے کے سلسلے میں دوہرا معیار نہیں ہوسکتا۔ روس میں بین الاقوامی سکیورٹی سے متعلق ایک فورم سے خطاب کرتے ہوئے، جناب ڈوبھال نے کہا کہ ذمے دار ممالک کو اپنے انتخاب کا جائزہ لینا ہوگا اور یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ کیا وہ دہشت گردی کو شہہ دینے والوں کو مدد فراہم کرنا چاہتے ہیں یا اُس سے نمٹنے کیلئے فیصلہ کن کارروائی کرنا چاہتے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ماسکو میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ جناب ڈوبھال نے ماسکو میں بین الاقوامی سکیورٹی کے پہلے فورم اور سلامتی سے متعلق امور کیلئے اعلیٰ نمائندوں کی 14ویں میٹنگ میں شرکت کی۔

اِس میٹنگ کی میزبانی روسی فیڈریشن کی سکیورٹی کونسل کے سکریٹری نے کی تھی اور اس میں کثیر قطبی دنیا میں بین الاقوامی سکیورٹی کو لاحق چیلنجوں اور خطرات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔x

**BJP Appointment**

BJP نے پنجاب، ہریانہ، دلّی اور تریپورہ کیلئے پارٹی کے نئے صدر مقرر کئے ہیں۔ BJP کے قومی صدر نتن Nabin نے مشرقی دلّی کے رکنِ پارلیمنٹ اور مرکزی وزیر ہرش ملہوترا کو پارٹی کی دلّی اکائی کا صدر مقرر کیا۔ ڈاکٹر اَرچنا گپتا کو ہریانہ

BJP کی سربراہ اور کیوَل سنگھ ڈھلوں کو پنجاب BJP کا نیا صدر مقرر کیا گیا ہے۔ ابھیشیک Debroy تریپورہ کے BJP صدر ہوں گے۔ اِن تقرریوں کے ساتھ جناب Nabin نے ملکی سطح کے ساتھ ساتھ ریاستوں میں ذمہ داری سنبھالنے والوں کی نئی ٹیم کے انتخاب کا عمل شروع کردیا ہے۔x

**Nitin Nabin Uttarakhand**

BJP کے قومی صدر نتن Nabin، اتراکھنڈ کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ آج اپنے دورے کے دوسرے دن وہ مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ پہلے دن دہرہ دون میں پارٹی دفتر میں قومی صدر کی زیرِ صدارت ریاستی وزراء گروپ اور کور کمیٹی کی ایک میٹنگ ہوئی۔ اِس میٹنگ میں تنظیم کی سطح پر توسیع، بوتھ کو مضبوط کرنے، عوام سے رابطہ مہم اور آئندہ پروگراموں کے خاکے پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ BJP کے ریاستی صدر مہندر بھٹ نے کہا ہے کہ پارٹی لیڈر، سابقہ انتخابات میں، جہاں پارٹی کو کم ووٹ ملے، اُن بوتھ پر جائیں گے۔

**SB - Mahendra Bhatt 30 sec**

**PM - Tribal Security**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں قبائلی سکیورٹی فورم کے نمائندوں سے ملاقات کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ قبائلی برادری کے تیئں مذکورہ نمائندوں کا جذبہ قابلِ ستائش ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران، قبائلی برادریوں کی ترقی اور انہیں بااختیار بنائے جانے سے تعلق مختلف موضوعات پر بامعنی تبادلۂ خیال کیا گیا۔x

**VP - Visit**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن آج سے کرناٹک، گوا اور کیرالم کے تین روزہ دورے پر رہیں گے۔ وہ آج کرناٹک کے بنگلورو میں Art of Living Foundation کے 45 سال مکمل ہونے کی عالمی تقریب میں شرکت کریں گے۔ بعد ازاں دن میں جناب رادھا کرشنن کرناٹک کے Davangere میں BDT University کے انجینئرنگ کالج کی پلاٹینم جوبلی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

جناب رادھا کرشنن کل پناجی میں گوا کے یومِ تاسیس کی تقریبات میں شامل ہوں گے اور گوا میں سمندری علوم کے CSIR قومی انسٹی ٹیوٹ کا دورہ بھی کریں گے۔

نائب صدر جمہوریہ اتوار کے روز کرناٹک میں Sri Kshetra Dharmasthala Manjunatha Swami مندر بھی جائیں گے۔

اس کے بعد وہ کیرالم جائیں گے، جہاں Kottayam میں Deepika Malayalam Daily کی 140 ویں

یومِ تاسیس تقریبات کا آغاز کریں گے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

**Air India - Israel**

مغربی ایشیاء میں جاری سیاسی جغرافیائی غیر یقینی صورتحال کے درمیان، ایئر انڈیا نے اسرائیل کیلئے اپنی پروازوں کو معطل رکھے جانے میں جولائی کے آخر تک توسیع دے دی ہے۔ اس سے قبل، ایئر لائنس نے تل ابیب-دلّی کے راستہ پر پروازوں کو جون مہینے کے آخر تک معطل کیا تھا۔ ایئر انڈیا کے ایک اعلیٰ اہلکار نے بتایا کہ ایسا خطّے میں جاری سیاسی جغرافیائی صورتحال کے مدنظر کیا گیا ہے۔

مغربی ایشیاء جنگ کی وجہ سے ایئر لائنس کو ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ اور فضائی حدود سے متعلق پابندیوں سمیت متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے کارروائی جاتی اخراجات میں اضافہ ہوا ہے۔

ائیر انڈیا پروازوں میں تعطّل کی وجہ سے اسرائیل میں رہائش پذیر 40 ہزار سے زیادہ بھارتیوں میں تشویش کا ماحول ہے، جو ذاتی یا پیشہ ورانہ وجوہات سے یا پھر خطّے میں جاری غیر یقینی صورتحال سے مفر کی تلاش میں بھارت آنے چاہتے ہیں۔

سفر سے متعلق Options کم ہونے کا سیدھا مطلب سفری اخراجات میں اضافہ ہونا ہے، جو بھارتی کارکنان کیلئے باعثِ تشویش ہے۔×

**Rev.CBI Arrest**

CBI نے تویشا شرما کی موت کے معاملہ میں Giribala Singh کو گرفتار کیا ہے۔ Giribala تویشا کی ساس اور ایک ریٹائرڈ ضلع اور سیشنز جج ہیں۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

**V/C Abhinav**

Giribala Singh کی گرفتاری کل بھوپال میں ہوئی۔ اس سے قبل، CBI کی ٹیم نے Giribala کے گھر کی تلاشی لی تھی اور ان سے پوچھ تاچھ کی تھی، جس کے بعد انہیں گرفتار کر لیا گیا۔

اس سے ایک دن پہلے، مدھیہ پردیش ہائی کورٹ نے ان کی پیشگی ضمانت کو، مسترد کر دیا تھا۔ کورٹ نے کہا کہ معاملے کی سنگینی، ثبوت اور تحقیقات کے مرحلہ کو مدنظر رکھتے ہوئے Giribala کو ضمانت دینا مناسب نہیں ہے۔

*تویشا شرما کی موت 12 مئی کی شب، بھوپال کے **Katara Hills** علاقے میں مشکوک حالات میں ہوئی تھی۔*
*تویشا کے سسرال والوں کا کہنا ہے کہ یہ خودکشی کی معاملہ ہے جبکہ تویشا کے گھر والوں نے اُن کے شوہر اور سسرال کے لوگوں پر قتل کا الزام لگایا ہے۔*
*بھوپال سے **Abhinav** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں............*

**Shivraj PM Awas Gramin**

دیہی ترقی کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت 12 ریاستوں کو 10 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ جاری کئے ہیں۔ اِن ریاستوں میں آسام، چھتیس گڑھ، گجرات، ہریانہ، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، کرناٹک، کیرالم، پنجاب، راجستھان، تمل ناڈو اور اترپردیش شامل ہیں۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، جناب چوہان نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی اِس بات کو یقینی بنانے کے عہد بند ہیں کہ ملک میں کوئی بھی غریب کچے مکان میں نہ رہے۔

**SB - 0800 - Shivraj Singh on PMAYG**

**CUET - NTA**

امتحانات کے انعقاد سے متعلق قومی ایجنسی **NTA**، نے **Common University Enterance Test Undergraduate (CUET - UG) 2026** امتحانات میں شامل ہونے والی تمام مرکزی اور شریک یونیورسٹیوں کو امتحان کی نئی تاریخیں اور ایڈمٹ کارڈز جاری کیے ہیں۔ یہ امتحانات اب اس ماہ کی 31 تاریخ اور آئندہ ماہ کی 6 اور 7 تاریخوں کو ہوں گے۔
عیدالاضحیٰ کی وجہ سے کل ہونے والے امتحان کی نئی تاریخ طے کی گئی ہے۔ **NTA** نے بتایا کہ اتوار کے روز ہونے والے امتحان میں شامل ہونے والے امیدوار **NTA** کی سرکاری ویب سائٹ **cuet.nta.nic.in** سے اپنے ایڈمٹ کارڈز ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔×

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمہ **IMD** نے آج دلّی، ہریانہ اور چنڈی گڑھ کے مختلف حصوں میں آندھی اور بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔
کل رات قومی راجدھانی کے مختلف علاقوں میں بارش ہوئی، جس کی وجہ سے شدید گرم لہر اور حبس کے حالات سے راحت ملی۔

IMD کے مطابق، بہار، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب، راجستھان اور اترپردیش میں آج گرج چمک کے ساتھ آندھی آنے کا امکان ہے، جس کی رفتار 80 کلو میٹر فی گھنٹہ تک ہوگی۔ چھتیس گڑھ، مغربی بنگال کے گنگا کے ترائی والے علاقوں، جموں و کشمیر، لداخ اور کرناٹک میں بھی اسی طرح کے حالات رہیں گے۔

انڈمان و نکوبار جزائر، کیرالم، ماہے، بہار، اُڈیشہ، پنجاب، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائکل، اتراکھنڈ اور مغربی اترپردیش میں آج دن کے دوران بھاری بارش ہونے کا امکان ہے۔×

**Keralam Yellow Alert**

کیرالم میں، چند علاقوں میں بھاری بارش کے امکان کے مدنظر کُل 14 اضلاع میں سے 6 اضلاع میں Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

آج صبح سے، کیرالم اور لکشدیپ میں مختلف آبزرویشن مراکز پر، 5 ملی میٹر سے 15 ملی میٹر بارش درج کی گئی۔

اس دوران، جنوب مغربی مانسون کا سرکاری اعلان آج یا کل ہونے کا امکان ہے۔×

**IPL**

IPL کرکٹ میں، آج شام نیو چنڈی گڑھ کے مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں ایک اہم Qualifier 2 میچ میں راجستھان رائلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ اس کی فاتح ٹیم اتوار کے روز احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں IPL-2026 کے فائنل میں رائل چیلنجرس بنگلور کا سامنا کرے گی۔

گجرات ٹائٹنس کی ٹیم Qualifier 1 میں دفاعی چمپئن رائل چیلنجرس بنگلور سے ہار گئی تھی، جبکہ راجستھان رائلس نے Eliminator 1 میں سَن رائزرس حیدرآباد کو ہرایا تھا۔×

**Women - T20**

چیمسفورڈ کے کاؤنٹی کرکٹ گراؤنڈ میں تین میچوں پر مشتمل ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی کرکٹ سیریز کے پہلے مقابلے میں بھارت نے انگلینڈ کو بہت آسانی سے 38 رن سے شکست دے کر ایک صفر کی سبقت حاصل کر لی ہے۔

انگلینڈ نے ٹاس جیتا اور بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹ کے نقصان پر 188 رن بنائے، جبکہ انگلینڈ کی ٹیم 20 اوورز میں 8 وکٹ کے نقصان پر 150 رن ہی بنا سکی۔ Jemimah Rodrigues کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ دوسرا ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ کل بھارتی وقت کے مطابق شام 7 بجے Bristol میں کھیلا جائے گا۔×

**IRGC US Base**

سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی IRGC نے کہا ہے کہ جنوبی ایران میں امریکہ کے رات بھر کے تازہ حملوں کے بعد، اُس نے خطے میں امریکی فضائی اڈے کو نشانہ بنایا ہے۔ کویت میں، جہاں امریکی اڈہ موجود ہے، اُس نے کہا ہے کہ میزائل اور ڈرون کو بیچ میں ہی روک لیا گیا، لیکن اُس نے نشانے کی تصدیق نہیں کی ہے۔ امریکہ کی جانب سے آبنائے ہرمز پر ایران کے ڈرون اور جنوبی ایران کے اہم شہر بندر عباس میں ایک فوجی ٹھکانے کو نشانہ بنائے جانے کے بعد ایران کی جانب سے میزائل حملہ کیا گیا ہے۔ تین دنوں میں یہ دوسری مرتبہ ہے کہ امریکہ نے ایران میں ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے اور کہا ہے کہ یہ خود کا دفاع کرنے کی خاطر کئے گئے ہیں۔ اِن کارروائیوں سے واشنگٹن اور تہران کے درمیان جنگ بندی ٹوٹنے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔x

**Amit Shah CWG**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے احمدآباد میں دولتِ مشترکہ کھیلوں اور مجوزہ اولمپکس کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے کُل ایک میٹنگ کی۔ کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا، گجرات کے وزیرِ اعلیٰ بھوپندر پٹیل، نائب وزیرِ اعلیٰ ہرش Sanghavi اور دیگر عہدیداران اِس میٹنگ میں موجود تھے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ مودی حکومت، ملک بھر میں کھیلوں سے متعلق عالمی طرز کے بنیادی ڈھانچے اور جدید تربیتی سہولتوں کو وسعت دے رہی ہے۔ احمدآباد میں ہونے والے عالمی کھیل مقابلوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے، عالمی معیارات کے مطابق سہولیات کو فروغ دیا جارہا ہے۔ احمدآباد 2030 دولت مشترکہ کھیلوں کی میزبانی کرے گا اور اس نے، 2036 اولمپکس کیلئے باضابطہ طور پر دعویداری پیش کی ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شگفتہ یاسمین

شکریہ -نیتکا

عیدالاضحیٰ کی تعطیل کے پیش نظر آج راجدھانی دلّی سے اردو اخبارات منظر عام پر نہیں آ سکے۔ لہٰذا آج کے انگریزی اخبارات کی کچھ اہم شہ سرخیاں اس طرح سے ہیں۔

کرناٹک کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے سِدّا رمیّا کے مستعفی ہونے کی خبر کو آج کے بیشتر اخبارات نے اپنے صفحۂ اوّل پر نمایاں حیثیت سے جگہ دی ہے

ہندوستان ٹائمز کی شہ سرخی ہے۔ کرناٹک میں اقتدار کی منتقلی میں سدا رمیا نے ڈی-کے شیو کمار کیلئے راہ ہموار کی۔

ستمبر میں، بھارت میں ہونے والی BRICS سربراہ کانفرنس میں چین کے صدر شی جن پنگ کی شمولیت پر پس و پیش

کے درمیان بھارت اور چین نے LAC اور سرحد سے متعلق تنازعے پر تعمیری بات چیت کی۔

اس خبر کو The Asian Age نے اہم خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔

NEET-UG کو دوبارہ Fool Proof طور پر منعقد کیے جانے کی خبر کو The Tribune نے اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

ساہتیہ اکادمی ایوارڈ یافتہ نامور اردو شاعر بشیر بدر کی وفات کی خبر بھی بیشتر اخبارات کی نمایاں خبر کے طور پر موجود ہے۔

The Times of India کی شہ سرخی ہے

عشق و رومان کے سرکردہ شاعر بشیر بدر کا انتقال!!

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مصنوعی آبادیاتی تبدیلیوں سے متعلق مرکز کی اعلیٰ سطحی کمیٹی اِس معاملے سے نمٹنے کیلئے قانونی ضرورت کا بھی جائزہ لے گی۔

2- قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائی پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس لعنت سے نمٹنے کے سلسلے میں دوہرا معیار نہیں ہوسکتا۔

3- BJP نے پنجاب، ہریانہ، دلّی اور تریپورہ کیلئے پارٹی کے صدر مقرر کئے ہیں۔

4- مغربی ایشیا میں جاری جغرافیائی و سیاسی غیر یقینی صورتحال کے درمیان ایئر انڈیا نے جولائی کے آخر تک اسرائیل کیلئے اپنی پروازیں معطل رکھنے میں توسیع کی ہے۔

5- اور IPL کرکٹ میں، آج شام نیو چنڈی گڑھ میں Qualifier 2 کے اہم میچ میں راجستھان رائلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---